## سوال

(876) فرائض ۔ شرائط اور سنن میں کیا فرق ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فرائض ۔ شرائط اور سنن میں کیا فرق ہے ؟ محمد حسن عسکری کراچی

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

:(۱) فرض کا معنی : ''فَالْوَاجِبُ فِي الِاصْطِلَاحِ مَا يُمْدَحُ فَاعِلُهُ وَيُذَمُّ تَارِكُهُ عَلَى بَعْضِ الْوُجُوهِ وَيُرَادِفُهُ الْفَرْضُ عِنْدَ الْجُمْهُورِ انتهى مقتصراً'' 1۔ تو واجب اصطلاح میں اس چیز کو کہتے ہیں جس کو کرنے والا ممدوح (ثواب پانے والا) اور چھوڑنے والا مذموم (گناہ پانے والا) ہو بعض صورتوں میں اور فرض اکثر کے ہاں واجب کا مترادف اور ہم معنی ہے ۔

(۲) شرط کا معنی : ''وَحَقِيقَةُ الشَّرْطِ هُوَ مَا كَانَ عَدَمُهُ يَسْتَلْزِمُ عَدَمَ الْحُكْمِ'' 2 شرط وہ چیز ہے جس کے نہ ہونے سے حکم کا نہ ہونا لازم آئے الخ

(۳) سنت کا معنی : 'وَالْمَنْدُوبُ مَا يُمْدَحُ فَاعِلُهُ وَلَا يُذَمُّ تَارِكُهُ ، وَيُقَالُ لَهُ : مُرَغَّبٌ فِيهِ وَمُسْتَحَبٌّ وَنَفْلٌ وَتَطَوُّعٌ وَإِحْسَانٌ وَسُنَّةٌ ۔ انتهى مقتصرا'' 3 اور مندوب وہ ہے جس کو کرنے والا ممدوح (ثوابپانے والا) ہو اور چھوڑنے والا مذموم (گناہ پانے والا) نہ ہو اس مندوب کو مرغب فیہ ، مستحب ، نفل ، تطوع ، احسان اور سنت بھی کہا جاتا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

1 ارشاد الفحول الفصل الثانی فی الاحکام 2 ارشاد الفحول الفصل الثانی فی الاحکام 3 ارشاد الفحول

نوٹ : فرض ، شرط اور سنت کے مذکورہ بالا معانی سے ان تینوں کا باہمی فرق واضح ہے ۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل](#)

**جلد01ص560**

محدث فتویٰ